## دہری شہریت کے معاملے پر سینیٹ کی رکنیت سے استعفیٰ دینے پر سینئر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

## رحمٰن ملک نے سینیٹ کی رکنیت سے استعفیٰ دیکر ڈیڑھ ملین سمندر پار پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کردیا ہے

## رحمٰن ملک نے استعفیٰ دیکر اپوزیشن کو لاجواب کردیا ہے۔ الطاف حسین کی رحمٰن ملک سے فون پر گفتگو

## توہین عدالت بل کی منظوری کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے تعاون پر رحمٰن ملک کا الطاف حسین سے اظہار تشکر

## پاکستان میں جمہوریت کی بقاء اور جمہوری نظام کے تسلسل میں الطاف بھائی کا کردار مثالی ہے۔ رحمٰن ملک

لندن۔۔۔10، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دہری شہریت کے معاملے پر سینیٹ کی رکنیت سے استعفیٰ دینے پر سینئر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ رحمٰن ملک نے سینیٹ کی رکنیت سے استعفیٰ دیکر ڈیڑھ ملین سمندر پار پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ آج رحمٰن ملک سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے یہ کہا جارہا تھا کہ دہری شہریت کا بل رحمٰن ملک کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے لایا جارہا ہے لیکن آج انہوں نے استعفیٰ دیکر اپوزیشن کو لاجواب کردیا ہے اور اب اس پر اپوزیشن والے آئیں بائیں شائیں تو کرسکتے ہیں لیکن کوئی مؤثر جواب نہیں دے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ رحمٰن ملک نے سمندر پار پاکستانیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے اور بتادیا ہے کہ یہ بل ان کیلئے نہیں بلکہ ڈیڑھ ملین سمندر پار پاکستانیوں کو ان کا حق رائے دہی کیلئے ہے جس پر سمندر پار پاکستانی انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سینئر مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے قومی اسمبلی سے توہین عدالت کے ترمیمی بل کی منظوری کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے بھرپور تعاون پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا۔ رحمٰن ملک نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کی بقاء اور جمہوری نظام کے تسلسل میں الطاف بھائی کا کردار مثالی ہے۔ الطاف بھائی نے آزمائش کے ہر وقت میں حکومت اور صدر آصف زرداری کا بھرپور ساتھ دیا جس کو پیپلز پارٹی کی قیادت قدر اور احترام کی نظر سے دیکھتی ہے۔ رحمٰن ملک نے کہا کہ ایم کیو ایم پیپلز پارٹی کی مضبوط اتحادی جماعت ہے اور دونوں جماعتیں جمہوریت کی بقاء اور استحکام کیلئے باہمی تعاون جاری رکھیں گی۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کی سربراہی میں وفد کی حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے عرس کے موقع پر درگاہ پر حاضری

## جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

## ایم کیو ایم کے وفد نے عرس کے موقع پر گولڈ گیٹ سہون شریف میں لگائے گئے طبی کیمپ کا بھی دورہ کیا اور طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا

سہون۔۔۔10، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کی سربراہی میں ایم کیو ایم کے نمائندہ وفد نے حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے 760 ویں عرس کے موقع پر سہون شریف میں درگاہ پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر برائے مذہبی امور عبدالحسیب، حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف، ایم کیو ایم سی ای سی کے رکن عبدالوحید عباسی، سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین کے اور ایم کیو ایم جامشورو زون کے ذمہ داران کے علاوہ کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ایم کیو ایم کے وفد نے حضرت لعل شہباز قلندرؒ کے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی۔ بعدازاں اشفاق منگی، عبدالحسیب اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے گولڈن گیٹ سیہون شریف کے سامنے لگائے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مفت طبی کیمپ کا دورہ کیا اور یہاں زائرین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرا میڈیکل اسٹاف کے عملے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبی کیمپ پر آج سینکڑوں مریضوں کا تفصیلی چیک اپ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔

## عوام وکارکنان محترمہ شہناز سہگل کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین
## محترمہ شہناز سہگل ان دنوں شدید علیل ہیں اور وہ عارضہ قلب میں مبتلا ہیں، بدھ کو بائی پاس آپریشن ہوگا

لندن۔۔10 جولائی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے فنون لطیفہ کی ممتاز شخصیت اور فنکارہ محترمہ شہناز سہگل کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں ،نوجوانوں ،عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ شہناز سہگل کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ محترمہ شہناز سہگل ان دنوں شدید علیل ہیں اور وہ عارضہ قلب میں مبتلا ہیں اور وہ کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں جہاں بدھ کو ان کا بائی پاس آپریشن ہوگا۔

## ایم کیوایم سانگھڑ زون ٹنڈو آدم کی یونٹ کمیٹی کے رکن عبدالغفار کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔۔10، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون ٹنڈو آدم 4/C کی یونٹ کمیٹی کے رکن عبدالغفار کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## روزنامہ ڈیلی ٹائمز کے رپورٹر حارث حنیف طیب کے انتقال پر
## رابطہ کمیٹی کے رکن وشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔10، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے روزنامہ ڈیلی ٹائمز کے رپورٹر حارث حنیف طیب کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔۔10، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم عمر کوٹ زون ، چھاچھرو سیکٹر کے جوائنٹ انچارج محمد جمیل سنگراسی اور کارکن محمد مشتاق نوٹھری ،سانگھڑ زون ٹنڈو آدم 4/C کی یونٹ کمیٹی کے رکن عبدالغفار، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد طاہر کی والدہ محترمہ حسنہ افروز اور ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140-B کے انچارج محمود علی صدیقی کی والدہ محترمہ نعیمہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## آل پاکستان نیوز پیپرز ایمپلائز کنفیڈریشن (اپینک) کے نومنتخب چیئرمین و کمیٹی کے اراکین کو رابطہ کمیٹی کے رکن و شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل کی مبارکباد

کراچی:۔۔۔۔10، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن و شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے آل پاکستان نیوز پیپرز ایمپلائز کنفیڈریشن (اپینک) کے نومنتخب چیئرمین و کمیٹی کے تمام اراکین کو مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں واسع جلیل نے نومنتخب چیئرمین ناصر نقوی، سینئر وائس چیئرمین شکیل یامین کانگا اور سیکرٹری جنرل خالد محمود سمیت دیگر اراکین کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ نومنتخب کمیٹی کے اراکین ادارے کے صحافی برادری کے ملازمین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دینگے۔

## حق پرستی کے نظریہ نے عوام کو نئی سوچ دی، جاگیردار، وڈیروں نے اپنے اقتدار کیلئے موروثی سیاست کو فروغ دیا یوسی 19 باگرجی میں جنرل ورکرز اجلاس سے ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی کا خطاب

سکھر۔۔۔۔10 جولائی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے جوائنٹ انچارج شہزادہ گلفام، زونل ممبر آفتاب الدین خان اور اعجاز کھوسو نے یوسی 19 باگرجی میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نظریئے کے خالق کے بغیر چلنے والی تحریکیں فنا اور تاریخ میں گم ہوجایا کرتی ہیں۔حق پرستی کے نظریہ نے عوام کو نئی سوچ دی، جاگیردار، وڈیروں نے اپنے اقتدار کیلئے موروثی سیاست کو فروغ دیا، وطن عزیز میں باقاعدہ منظم سازشوں کے تحت ملک کی دیہی آبادی پر نہ صرف تعلیم کے دروازے بند رکھے گئے بلکہ انہیں قوم پرستی کی آڑ میں شہری علاقوں میں رہنے والی آبادی سے بھی دور کرنے کی سازشیں کی گئیں کیونکہ انہیں معلوم تھا، کہ اگر غریب ہاری اور کسان تعلیم یافتہ اور باشعور ہوگئے تو ان کی سوچ اور فکر پر پابندی نہیں لگائی جاسکے گی اور جب کسی بھی انسان کی فکری صلاحتیں آزاد ہوتی ہیں تو فرسودہ اور روایتی نظریات اپنے آپ دم توڑ جاتے ہیں اور پھر دنیا کی کوئی طاقت انہیں غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں رائج فرسودہ نظام کی یکسر تبدیلی کی جدوجہد کررہے ہیں تاکہ ملک میں ایک ایسا نظام لایا جائے کہ جس میں تمام طبقات کو بلاتفریق رنگ ونسل ومذہب یکساں حقوق حاصل ہوں اور ملک بھر کے 98 فیصد غریب مظلوم عوام امن وچین سے زندگی بسر کرسکیں۔جناب الطاف حسین نے غریب ومظلوم عوام کے حقوق وحصول کیلئے جس جدوجہد کا آغاز کیا تھا وہ آج بھی جاری وساری ہے انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی ملک کی تعمیر وترقی کیلئے نوجوان طبقہ وہ کردار ادا کرتا ہے جو دنیا میں اس کے وطن کی عزت وشان میں اضافہ کا سبب بنتا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے دیگر لیڈران کی طرح نہ تو وڈیرے اور جاگیردار ہیں اور نہ ہی جاگیردارانہ نظام اور طرز سیاست کے حامی ہیں۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی عوام کو متحد ومنظم کرکے ملکی سیاست میں انقلاب برپا کردیا ہے، عابد گجر جب تک عوام میدان عمل میں نہیں آئیں گے اس وقت تک غریبوں کی حکمرانی اور ملک ترقی نہیں مل سکتی۔ملک عبدالحمید اعوان

گوجرانوالہ۔۔۔10 جولائی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون کے زیراہتمام ایم کیوایم زونل آفس میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس سے ایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے انچارج عابد گجر، جوائنٹ زونل انچارج عدنان حمید، زونل سیکریٹری نشرواشاعت رانا ساجد زونل ممبر اعجاز بلوچ اور ذیشان ملک اور ضلعی انچارج ملک عبدالحمید اعوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف بھائی نے ملک کے 98 فیصد غریب ومظلوم طبقے کو ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پر متحد ومنظم کرکے ملکی سیاست میں انقلاب برپا کردیا انہوں نے کہا کہ غریبوں اور مظلوموں کو متحد کرنا اور ان میں شعوری بیداری پیدا کرنا ہی ملک کے جاگیرداروں اور وڈیروں نے جناب الطاف حسین کا جرم سمجھا اور ان کے بھائی اور بھتیجے سمیت ہزاروں بے گناہ حق پرست کارکنان وہمدردوں کو شہید کردیا گیا اور خود جناب الطاف الطاف حسین کو جلاوطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور کردیا، مگر آج حق پرستانہ سچے نظریے کی سچائی کے آگے تمام سازشوں کو شکست سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے اور آج جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ سندھ سے نکل کر پاکستان کے گوشے گوشے میں پھیل چکا ہے جس کی مثال آج گوجرانوالہ میں عوام کا یہ جم غفیر ہے انہوں نے مزید کہا کہ غریبوں کا اتحاد ہی ان کو جائز حقوق دلاسکتا ہے جب تک عوام خود بھی میدان عمل میں نہیں نکلیں گے اس وقت تک ان کو ان کے حقوق نہیں

مل سکیں گے اور نہ ہی ملک وقوم ترقی کرسکیں گے۔ جناب الطاف حسین وہ واحد سیاستدان ہے جس نے آج تک اپنے لیے کچھ نہیں مانگا اور ان کے اس طرز سیاست وخدمت سے متاثر ہوکر عوام جوق در جوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔ ایم کیوایم کے کارواں میں اضافہ ملک میں امن وخوشحالی کے انقلاب کی نوید دے رہا ہے اور دن دور نہیں جب ایم کیوایم ملک میں کرپشن کرنے والوں اور لوٹ مار کرنے والوں کا کڑا احتساب کرے گی اور ملک کے کھائے ہوئے خزانہ کی ایک ایک پائی وصول کرکے غریبوں اور مظلوموں کی فلاح وبہبود پر خرچ کرے گی انہوں نے مزید کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن جناب الطاف حسین کا غریب اور مظلوم عوام کے لیے عظیم تحفہ ہے جہاں پر بھی دکھی انسانیت کہ خدمت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے خدمت خلق فاؤنڈیشن وہاں بلاتفریق رنگ ونسل و مذہب عوامی خدمت میں مصروف ہوجاتی ہے اور اب یہ سندھ سے نکل کر پاکستان کے دوسرے شہروں میں بھی پھیل چکی ہے اور بہت جلد اس سروس کا آغاز گوجرانوالہ میں بھی ہونے والا ہے اس موقعہ پر زونل ممبر سعید بٹ، عقیل قیصر، رانا افتخار اور محمود بخاری اور ضلعی ذمہ اور کارکنان کی کثیر تعداد بھی موجود تھی

## عظیم صوفی بزرگ حضرت لعل شہباز قلندر کے 760 ویں عرس پر متحدہ قومی موومنٹ سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین محمد یوسف، خالد بگھیو، ایم کیوایم حیدرآباد کے رکن زونل کمیٹی حسنات احمد، حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل کی حاضری
## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی گئی
## صوفیائے اکرام کی تعلیمات صرف اور صرف انسانیت کی خدمت پر مبنی ہیں، اکرم عادل

حیدرآباد۔۔۔10 جولائی 2012ء

عظیم صوفی بزرگ حضرت لعل شہباز قلندر کے 760 ویں عرس کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین محمد یوسف، خالد بگھیو، ایم کیوایم حیدرآباد کے رکن زونل کمیٹی حسنات احمد، حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں انہوں نے تین روز عرس کی تقریبات پر زائرین اور عقیدت مندوں کو مفت طبی امداد فراہم کرنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاونڈیشن کی جانب سے قائم کردہ سہ روزہ طبی کیمپ کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرام عادل نے زائرین کی خدمت میں مصروف میڈیکل ایڈ کمیٹی اور خدمت خلق فاونڈیشن کے ڈاکٹرز ورضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوفیائے اکرام کی تعلیمات صرف اور صرف انسانیت کی خدمت پر مبنی ہیں اور ایم کیوایم انہی تعلیمات پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اولیاء اللہ نے ہمیشہ امن، بھائی چارے، اخوت اور رواداری کے پیغام کو عام کیا اور اسی پیغام کی بدولت اسلام کو ہر مقام پر پذیرائی حاصل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم عوامی خدمت سے صوفیائے اکرام کے پیغام کی ترویج میں مصروف ہے۔ اس موقع پر انہوں نے طبی کیمپ پر موجود ادویات، جدید طبی الات ومشینری اور خدمت خلق فاونڈیش کی ایمبولینس سروس کی سہولتوں کا بھی جائزہ لیا اور میڈیکل ایڈ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ڈاکٹرز ورضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی۔

## مظلوم عوام ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے ظالمانہ نظام کے خلاف جدوجہد میں مصروف عمل ہیں، محمد شریف
## قائد تحریک کی جدوجہد ملک کی مظلوم عوام کے فلاح وبہبود اور انکے جائز حقوق کے حصول کیلئے ہے، سہیل یوسف
## ملا اسمعیل گوٹھ حیدرآباد میں مختلف برادریوں کے بزرگوں اور معززین سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔10 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے ملا اسمعیل گوٹھ حیدرآباد میں مختلف برادریوں کے بزرگوں اور معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کے مظلوم عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ ووڈیرانہ نظام کے خاتمہ کیلئے شعور وآگہی فراہم کی جس کی بدولت آج ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے تعلیم یافتہ نوجوان ملک کے اعلیٰ ایوانوں میں موجود ہیں۔ اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی وحق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف، مبین احمد، سیکٹراے کے ذمہ داران وکارکنان سمیت مختلف برادریوں کے بزرگ اور معززین کثیر تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 25 سال کی عمر میں ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ وظالمانہ نظام کے خاتمے کیلئے انقلابی جدوجہد کا آغاز کیا جو ایک تعلیمی ادارے سے نکل کر ملک کے کونے کونے تک پھیل چکی ہے اور آج ملک کے مظلوم عوام متحدہ قومی

موومنٹ کے پلیٹ فارم سے اس ظالمانہ نظام کے خلاف جدوجہد میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کے مظلوم عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے خاتمے اور معاشرے میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام کووہ تمام تر حقوق دلوانے کیلئے عملی جدوجہد میں مصروف ہیں جوملک پر قابض 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کو حاصل ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ اسی حق پرستانہ جدوجہد میں مصروف ہے۔تقریب سے رکن زونل کمیٹی وحق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد دراصل ملک کی مظلوم عوام کے فلاح و بہبود اور انکے جائز حقوق کے حصول کیلئے ہے کیونکہ ایم کیوایم ملک میں مساوی نظام کا قیام چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے انقلاب سے خوفزدہ ہوکر ملک پر قابض ٹولے نے عوام کوایم کیوایم سے دور رکھنے اور حق پرستی کے پیغام روکنے کی بہت کوششیں کیں مگرانہیں ہمیشہ ناکامیابی کا سامنا کرنا پڑا اور حق پرستانہ جدوجہد میں مصروف ایم کیوایم آج مظلوم عوام کی ترجمان بن چکی ہے۔

☆☆☆☆☆